2021年11月1日ジャング紙ラホール版12面

شہید ناموس رسالتؐ غازی علم الدینؒ کا یوم شہادت منایا گیا

ملک بھر میں تقریبات، مزار پر عقیدت مندوں کی حاضری، فاتحہ خوانی

لاہور (خبر نگار) شہید ناموس رسالت ﷺ غازی علم الدین شہید کا یوم شہادت منایا گیا ملک بھر میں تقریبات جبکہ مرکزی تقریب میانی صاحب قبرستان میں ان کے مزار پر ہوئی، عرس کی دو روزہ تقریبات میں ملک بھر سے عقیدت مند عشاقان رسول ﷺ نے غازی علم الدین شہید کے مزار پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی۔ متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی پاکستان کے کنوینر عبداللطیف خالد چیمہ نے عرس کی مناسبت سے کہا کہ غازی علم الدین شہید نے سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کی تقریر سے متاثر ہوکر گستاخ رسول ﷺ (راج پال) کا سر قلم کر دیا اور خود امر ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ پوری تاریخ اسلام شہدائے ختم نبوت سے بھری پڑی ہے اور یہ جدوجہد قیامت تک جاری و ساری رہے گی۔